معلوماتی پرچہ

# my health ایپ

## my health ایپ سے کیا مراد ہے؟

**my health** ایپ سے آپ اپنے موبائل فون یا ڈیوائس پر اپنے My Health Record میں شامل معلومات دیکھ سکتے ہیں اور انہیں ڈاؤن لوڈ، سٹور اور شیئر کر سکتے ہیں۔ **my health** ایپ استعمال کرنے کے لیے آپ کے پاس انٹرنیٹ کنیکشن ہونا ضروری ہے۔

## my health ایپ کے کیا فوائد ہیں؟

- آپ **my health** ایپ استعمال کر کے My Health Record تک بحفاظت رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں۔
- **my health** کی ہوم سکرین پر بنی ٹائلز کی مدد سے آپ جلدی اور بآسانی معلومات تلاش کر سکتے ہیں۔
- **my health** میں میڈیکل ہسٹری ٹائم لائن سے آپ اپنی میڈیکل ہسٹری جلدی اور بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔
- آپ سال اور کیٹیگری کے لحاظ سے معلومات کو فلٹر کر سکتے ہیں۔
- **my health** ایپ دنیا بھر میں ہر اس جگہ چلتی ہے جہاں آپ کو انٹرنیٹ مہیا ہو۔

## کیا My Health Record کے تمام فیچرز اس ایپ میں دستیاب ہیں؟

کچھ فیچرز ایک جیسے ہیں۔ آپ (myGov کے ذریعے) My Health Record اور **my health** دونوں میں صحت کی اہم ترین معلومات دیکھ سکتے ہیں۔ اس میں کلینیکل دستاویزات، Medicare دستاویزات اور وہ اہم معلومات شامل ہیں جو آپ نے شامل کی ہوں۔ اگر آپ کسی شخص کے نامزد یا آتھرائزڈ نمائندے ہیں تو آپ اس کا ریکارڈ بھی دیکھ سکتے ہیں۔

تاہم فی الحال آپ **my health** استعمال کرتے ہوئے معلومات شامل نہیں کر سکتے اور نہ ہی ریکارڈ کی سیٹنگز طے کر سکتے ہیں۔ معلومات شامل کرنے یا اپنے ریکارڈ کی سیٹنگز طے کرنے کے لیے آپ کو myGov کے ذریعےMy Health Record استعمال کرنا چاہیے۔

## ایپ کے سیکیورٹی فیچرز کیا ہیں؟

**my health** محفوظ اور سیکیور ہے۔ آپ اپنی ڈیوائس کی سیکیورٹی کے علاوہ ایپ پر 6 ہندسوں کا PIN بھی لگا سکتے ہیں۔ کسی اور کے ساتھ اپنی ڈیوائس شیئر کرنے سے پہلے ایپ سے لاگ آؤٹ کرنا یاد رکھیں۔ اس طرح آپ اپنی معلومات کی رازداری اور سیکیورٹی برقرار رکھ سکتے ہیں۔

اگر آپ کو **my health** ایپ کی سیکیورٹی کے متعلق کوئی اور خدشہ ہو تو آپ کو اپنا PIN فوراً بدل لینا چاہیے۔ آپ ایپ کے اکاؤنٹ پیج میں اپنا PIN بدل سکتے ہیں۔ اگر آپ نے **my health** کو 5 منٹ تک استعمال نہیں کیا تو ایپ خود بخود آپ کو لاگ آؤٹ کر دے گی۔

## my health ایپ سے کیا کچھ ڈاؤن لوڈ اور شیئر کیا جا سکتا ہے؟

**my health** ایپ آپ کے لیے My Health Record سے اپنے موبائل فون پر ڈاکومنٹس ڈاؤن لوڈ کرنا ممکن بناتی ہے۔ آپ ویکسینیشن کے ثبوت اور خون کے ٹیسٹوں کے نتائج جیسے کلینیکل ڈاکومنٹس ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ آپ انہیں اپنے فون پر سٹور کر سکتے ہیں۔ **my health** آپ کے لیے دوسرے لوگوں یا اداروں کے ساتھ ڈاکومنٹس شیئر کرنا بھی ممکن بناتی ہے۔ جب بھی آپ کچھ شیئر کرنے کے لیے ایپ استعمال کریں گے، آپ کو ایک پاپ-پ نوٹیفیکیشن ملے گی۔ اس طرح آپ کو اپنی معلومات شیئر کرتے وقت محتاط رہنے کی یاد دہانی ہو جائے گی۔

## my health ایپ کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے؟

آپ گوگل پلے (اینڈرائیڈ ڈیوائسز کے لیے) یا ایپ سٹور (ایپل ڈیوائسز کے لیے) میں 'my health gov' سرچ کر کے ایپ ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں۔

## اضافی وسائل اور مدد

**my health** کا ویب پیج: www.digitalhealth.gov.au/myhealth

my health ایپ کے متعلق آن لائن سیکھیں:
https://training.digitalhealth.gov.au/mod/page/view.php?id=1035

My Health Record کی ہیلپ لائن
1800 723 471 (آپشن 1)، دن رات 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن دستیاب۔

آسٹریلین ڈیجیٹل ہیلتھ ایجنسی کا رابطہ فارم: www.digitalhealth.gov.au/contact-us

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس 131 450
www.tisnational.gov.au/Help-using-TIS-National-services/Contact-TIS-National

نیشنل ریلے سروس

1300 555 727
www.accesshub.gov.au